ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ

روئداد

سال تعلیمی ششم و ہفتم مدرسہ سبحانیہ واقع جامع مسجد چوک شہر الہ آباد

ابتدا

یکم محرم الحرام ۱۳۳۴ھ لغایت آخر ذی الحجہ ۱۳۳۵ھ

جملہ ۲۴ ماہ

مطابق ۱۰ اکتوبر ۱۹۱۵ء لغایت ۱۷ اکتوبر ۱۹۱۷ عیسوی

بسعی تمام منشی اکرام اللہ منشی مدرسہ

باہتمام منشی عبد الکریم صاحب
مطبع اسرار کریمی الہ آباد مین چھپی

فہرست مضامین روئداد ہذا

نمبر شمار	مضامین	صفحہ
۱	مضمون روئداد مدرسہ کی مالی ترقی کی کیفیت	۱
۲	تقرر سو روپیہ ماہوار از ریاست حیدرآباد	۱
۳	تحریر وقف نامہ جدید	۱
۴	اشاعت کے لئے واعظ کی تلاش	۲
۵	نومسلمان کی تعداد جو بذریعہ اشاعت مسلمان ہوئے۔	۲
۶	حضرت نظام خلد اللہ ملکہ کا شکریہ	۲
۷	وقف ناموں کی فہرست	۴
۸	شیخ صفدر علی صاحب کے دس روپیہ ماہوار دینے کا تذکرہ	۴
۹	محلہ چک الہ آباد میں مدرسہ کی شاخ قائم کرنے کا ذکر	۴
۱۰	مخالفین مدرسہ کا اعتراض و اوسکا جواب	۵
۱۱	مدرسہ کے علمی ترقی کا تذکرہ	۵
۱۲	اس سال کی دستار بندی کا ذکر	۷

نمبر شمار	مضامین	صفحہ
۱۳	نصاب و جماعت بندی کا ذکر	
۱۴	لوگوں کی نکتہ چینی اور اوسکا جواب قابل دید	
۱۵	مدرسہ کی ضرورتیں	
۱۶	مدرسہ کی آمدنی و خرچ کے مدات	
۱۷	نقشہ علمائے سند یافتگان	
۱۸	نقشہ تعداد طلبہ مع تفصیل کتب زیر درس و خوراک و نتیجہ امتحان سالانہ وغیرہ	۵
۱۹	تفصیل کتب مستعملہ روزمرہ	۳۲
۲۰	نصاب مدرسہ	۳۳
۲۱	قوانین مدرسہ	۳۵
۲۲	قوانین اشاعت الاسلام	۴۷
۲۳	آمدنی نمبرا	۵۴
۲۴	تعداد ملازمین مع شرح تنخواہ	۶۸
	خرچ نمبرا باقی تا اخیر حساب نمبروار	

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نحمدہ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم

مدرسہ سبحانیہ واقع جامع مسجد چوک الہ آباد کو قائم ہوئی بفضلہ تعالیٰ بیس برس ہوئے۔ اس عرصہ مین مدرسہ نے جو کچھ علمی و مالی ترقی کی سب پر ظاہر ہے۔ علمی ترقی کو ہم ہمیشہ لکھتے آئے ہین اور آخیر مین انشاء اللہ تعالیٰ کچھ اور لکھینگے مالی حالت کی یہ کیفیت ہے کہ سابق مین دو جائدادین جناب حاجی شیخ عبد الصمد صاحب مرحوم مغفور رئیس نیوان ضلع الہ آباد نے ایک سو ستر روپیہ ماہوار کی (ماہیت) وقف کرکے مدرسہ کو دیا اور ایک مکان عالیشان واقع سرائے گڈھا طلبہ کے رہنے کے لئے وقف کرکے عنایت فرمایا جو اب موسوم بدار الطلبہ ہے اور اسمین طلباء رہتے ہین۔ اور پچاس روپیہ ماہوار ریاست بھوپال ابقاہا اللہ دواما سے ایک مدت گذری کہ برابر آتے ہین اسکے علاوہ جو مکانات و جائداد لوگون نے وقف کرکے دیا ہے اور جو چندہ متفرق و ماہوار و سالانہ وغیرہ ملتا ہے وہ برابر ہم کتاب روداد مین مع اخراجات کے درج کرکے شائع کرتے رہتے ہین۔ خدا کا شکر ہے کہ مدرسہ نے ایسے کچھ کار نمایان کئے اور ایسی کچھ شہرت پائی کہ اس سال بھی ہمارے استدعا اور مدرسہ کے حساب کتاب و کارروائیون کے پیش کرنے پر ریاست حیدرآباد ابقاہا اللہ عن الشر والفساد سے مبلغ سو روپیہ ماہوار کی مدرسہ سبحانیہ کے لئے منظوری ہوئی اور روپیہ بھی برابر آنے لگا جس سے مدرسہ کی عزت افزائی ہوئی اسکے علاوہ بذریعہ وقف نامہ مورخہ ۳ مارچ سنہ ۱۳ء جناب سید محمد عیسیٰ و سید محمد عمر و سید حیدر حسین صاحبان نے اراضیات تعدادی ۱۰ بیگہ ۱۹ بسوہ اور وقف فرمایا لہذا مدرسہ کے بفضلہ تعالیٰ اب سب کام بخوبی انجام پاسکینگے اور مدرسہ کی ایک اطمینان کے ساتھ مستقل حالت ہوگئی۔ لیکن اسکا یہ مطلب نہین کہ آئندہ اہل خیر اطمینانی حالت دیکھکر ترقی دینے سے ہاتھ روک لین جبکہ مدرسہ بڑے خوبی کے ساتھ عمدہ سے عمدہ اسلامی کام نمایان کر رہا ہے تو جسقدر اسکی ترقی کیجائیگی وہ اسلامی ترقی مانی جائیگی اور روز افزون اسلامی کام نمایان ہونگے ایسے ترقی پذیر مدرسہ

کے ترقی کرنی نہایت ضروری بات ہے سلطنت نظامیہ حیدرآباد کے وثیقہ ہذا و ماہواری سے ہم نے ایک مفتی مقرر کیا ہے اور ایک واعظ اشاعت اسلام کے لئے رکھنے والے ہین جو اس کام کے لئے بہت بڑے اہل ہون تمام مسلمانون کو ہدایت بھی کرین مخالفین کے اعتراضات کا پورا پورا جواب بھی دین اور مسلمانون کو اونکے شرور سے بچانیکی کوشش کرین اور تمام امن و امان قائم رکھنے کی سعی فرمائین - ابھی تک کوئی صاحب اس کام کے لائق جو پورے طور سے اسکے اہل ہون نہین ملے لیکن بعض بعض حضرات سے خط و کتابت ہو رہی ہے عنقریب انشاء اللہ تعالیٰ اس کام پر معمور کئے جائینگے سابق زمانہ مین مدرسہ سے اشاعت اسلام کا سلسلہ برابر جاری رہا لیکن کبھی مدرسہ مین گنجایش نہ رہی اور کبھی کوئی لائق آدمی نہ ملا اس سے اکثر زمانہ مین مجبوراً کوئی واعظ نہ رکھ سکا تاہم مین خود ہمیشہ اس کام کو کرتا رہا ہمیشہ ہر جمعہ کو وعظ کہتا رہا اور دیہات وغیرہ مین برابر آمد و رفت جاری رکھا خدا کا ہزار ہا شکر ہے کہ اس سلسلہ مین ۱۱۱ آدمی مشرف باسلام ہوئے جنکی فہرست مندرج کتاب مدرسہ ہذا ہے - ریاست حیدرآباد سے فرمان منظوری آجانے پر مین نے بتاریخ ۳ ربیع الاول ۱۳۳۳ھ کو جامع مسجد چوک الہ آباد مین بعد نماز جمعہ ایک جماعت کثیر کے سامنے یہ بات ظاہر کی کہ کل تاریخ ۲ ربیع الاول ۱۳۳۳ھ کو ریاست حیدرآباد سے باضابطہ سرکاری تحریر میرے پاس باین مضمون آئی ہے کہ مبلغ سو روپیہ ماہوار اعلیٰ حضرت واقدس حضور پرنور سرکار عالی متعالی نظام الملک آصف جاہ سلطان دکن خلد اللہ ملکہ نے مدرسہ سبحانیہ واقع جامع مسجد چوک الہ آباد کے لئے امداداً منظور فرمایا اور اعلیٰ حضرت واقدس کی محامد بیان کرتے ہوئے شکریہ ادا کیا اور دعائین دین کہ اللہ تعالیٰ اس سلطنت کو ہمیشہ ہر آفات سے بچائے اور دن دونی رات چوگنی ترقی عطا کرے اور اسیطرح کار خیر مین دلچسپی لینے کی توفیق مزید بخشے جس سے دینی چشمے فیوض و برکات کے تمام عالم مین جاری رہین آمین - اور اللہ تعالیٰ والی سلطنت دام اقبالہ بالقابہ کے سلطنت و عمر و دولت مین ترقی عطا فرمائے جو ہم مسلمانون کے پشت پناہ اور حامی اسلام ہین سب مسلمانون نے اسپر صدائے آمین بلند کین اور شکر گذار ہوئے اور مین نے دل و جان سے شکریہ عالیجناب شیخ الاسلام والمسلمین عالم باعمل فاضل اجل جناب مولانا مولوی حافظ حاجی محمد انوار اللہ خان صاحب بہادر معین المہام امور مذہبی ممالک محروسہ سرکار عالی کا ادا کیا کہ جنھون نے کمال ہمدردی اسلامی اور دینداری سے مدرسہ کی عرضداشت اور کامیابیان ملاحظہ فرما کر قدردانی کی اور حضور عالی کی سرکار مین پیش کر کے امداد کیطرف توجہ دلائی اللہ تعالیٰ آپکو جزائے خیر دے

اور دین و دنیان مین مراتب علیا عطا فرمائے آمین۔ پھر اسی مضمون پر جناب محمد عبد الباقی خانصاحب رئیس الہ آباد جونیر وائس چیرمین مینوسپل بورڈ و آنریری مجسٹریٹ و جناب سید محمد عیسی صاحب آنریری منصف و آنریری مجسٹریٹ رئیس نیوان نے جو تقریرین کین اور کلمات محامد و شکر گذاری ادا کی وہ نہایت دلچسپ تھی تمام سامعین بھی بے انتہا محظوظ ہوئے اور ایک عجیب و غریب بات یہ ظہور پذیر ہوئی کہ مین نے ایک عرضی مجلہ اور ریائض کے تاریخ ۲ ربیع الاول سنہ ۱۳۳۱ھ کو بھیجی تھی اور حسن اتفاق سے اوسی عرضی کے منظوری پر تاریخ ۲ ربیع الاول سنہ ۱۳۳۱ھ کو میرے پاس فرمان منظوری صادر ہوا چنانچہ اسی مضمون کو ہمارے بہانجہ زادہ مولوی نعمت اللہ صاحب متعلم مدرسہ سبحانیہ جو قریب فراغ مین نظم مین لکھکر اس جلسہ مین پڑہا دہو ہذا۔

نظم

رب نے ہے عز تجھکو بخشا ربیع الاول — کہنا ہی کیا ہے پھر تو تیرا ربیع الاول
ہو جسم کو مبارک ہو جان کو مبارک — ایمان کو مبارک آیا ربیع الاول
ولد الحبیب فیہ صلوا علیہ ابدا — لا تعلمون انتم ما ذا ربیع الاول
شاہ دکن کا سایا تو ہمیشہ رکھہ خدایا — جب تک رہے مکرر آتا ربیع الاول
انوار و فیض ان کے قائم رہین ہمیشہ — ڈالے رہے ابد تک سایا ربیع الاول
عرضی و حکمنامہ دونون ہین دوسری کے — دیکھا جو ماہ وہ بھی پایا ربیع الاول
۲ ربیع الاول
گویا کہ ایک دن کی تاخیر بھی نہین تھی — نعمت اسی سے ہمکو بھایا ربیع الاول

بعد ازان جناب مولوی شیخ عبد الحق صاحب وکیل نے اس بات کی تحریک کی کہ یہ مضمون اخبار مین دیا جائے اور حضور سرکار عالی متعالی خلد اللہ ملکہ کے حضور مین شکریہ کا تار بھیجا جائے چنانچہ دو تار ایک بحضور سرکار عالی متعالی اعلی حضرت واقدس نظام الملک آصف جاہ نواب میر عثمان علی خان بہادر سلطان دکن خلد اللہ ملکہ اور دوسرا بخدمت عالی جناب شیخ الاسلام والمسلمین مولانا مولوی حافظ حاجی محمد انوار اللہ خانصاحب خان بہادر معین المہام امور مذہبی ممالک محروسہ سرکار

عالی شکریہ کے بھیجے گئے۔

تفصیل اون جائداد موقوفہ کی کہ لوگون نے وقف کرکے مدرسہ کو دیا جو مدرسہ کے مالی ترقی کی بین دلیل ہے

۱۔ وقف نامہ حاجی شیخ عبد الصمد صاحب مرحوم رئیس نیوان بابتہ مکانات نمبری ۴۴ واقع سمّارگڈھا و نمبری ۱۰ واقع بزازہ شہر الہ آباد مورخہ ۳ جون ۱۹۰۵ء۔

۲۔ وقف نامہ حاجی شیخ عبد الصمد صاحب مرحوم رئیس نیوان ضلع الہ آباد مورخہ ۷ اپریل ۱۹۰۶ء بابتہ جایداد جسکے منافع مین اکیس تیس روپیہ ماہوار مدرسہ سبحانیہ کے لئے وقف ہے۔

۳۔ وقف نامہ نوشتہ حاجی شیخ عبد الصمد صاحب ممدوح مورخہ یکم ستمبر ۱۹۰۵ء بابتہ جایداد از قسم مکانات الہ آباد و کلکتہ جسکے منافع مین مبلغ ستر روپیہ ماہوار بنا بر وظیفہ طلبا مدرسہ سبحانیہ وقف ہے۔

۴۔ وقف نامہ نوشتہ حاجی شیخ بھن صاحب ساکن محلہ بخشی بازار شہر الہ آباد مورخہ ۲۰ فروری ۱۹۰۵ء بابت مکان نمبری (۱۱۶) واقع محلہ بخشی بازار شہر الہ آباد۔

۵۔ وقف نامہ نوشتہ حاجی جان محمد صاحب ساکن موضع بہادر پور ضلع الہ آباد مورخہ ۲۴ نومبر ۱۹۰۷ء بابت مکان نمبری (۴۰) واقع احمد گنج شہر الہ آباد۔

۶۔ وقف نامہ نوشتہ مولوی ولی حسن صاحب زمیندار موضع کشیا ضلع الہ آباد پرگنہ چایل بابت اراضی ایک بیگہ مورخہ ۵ دسمبر ۱۹۱۶ء

۷۔ وقف نامہ نوشتہ مورخہ ۴ مارچ ۱۹۱۱ء سید محمد عیسیٰ صاحب و سید محمد عمر صاحب و سید حیدر حسین صاحب بابت اراضی ۱۸ بیگہ ۱۸ بسوہ ۱۰ دھور واقع موضع شیخ سروا پرگنہ چایل ضلع الہ آباد۔

اور شیخ صفدر علی صاحب سوداگر بانس منڈی جزاہ اللہ خیرا نے اپنے کمال عالی ہمتی سے حافظ حبیب اللہ صاحب کو اپنے جانب سے مدرسہ سبحانیہ مین درس کے لئے مقرر فرمایا جسکی تنخواہ موجودہ حالتین ۵ ماہوار دہ اپنے پاس سے دیتے ہینگے اور عرصہ سے میرا خیال تھا اور میرے لڑکے قاری ولی محمد صاحب بھی اسکے محرک تھے کہ مدرسہ سبحانیہ کی تعلیمات کی شاخین جیسا کہ ہندوستان کے اکثر گوشون مین جاری ہین اسیطرح سے مدرسہ کی شاخین الہ آباد کے اکثر محلون مین اور دیہاتون مین کھولی جایئن جہان زیادہ ضرورت ہے چنانچہ محلہ چوک روضہ شاہ عبد الجلیل صاحب قدس سرہ پر مدرسہ سبحانیہ کی طرف سے ایک حافظ جی نے مقرر کردیا اور وہان سلسلہ درس قرآن شریف جاری ہوگیا۔ پچاس ساٹھ لڑکے

زیر درس ہین ان حافظ کی تنخواہ جناب محمد عبد الباقی خانصاحب رئیس و آنریری مجسٹریٹ و میونسپل کمشنر الہ آباد اللہ اونکو جزاء خیر دے ماہوار برابر دینے کا وعدہ فرمایا ہے جیساکہ وہ اکثر دینی کامون مین مدد دیتے رہتے ہین حاسدین مدرسہ کی یہ ترقیان دیکھکر مدرسہ کی بیجا شکایت کرتے رہتے ہین اور مدرسہ کے نقصان پہونچانیکی فکر کرتے ہین اور بعض لوگون سے یہ بھی کہتے ہین کہ اب مدرسہ کو دینے کی کچھ حاجت نہین اسکی تو اطمینانی حالت ہوگئی ہے لیکن اونکے کہنے سے کیا ہوتا ہے دشمن چہ کند چون مہربان باشد دوست جو منصف مزاج لوگ ہین وہ مدرسہ کی کارروائیان و سچے حالات ملاحظہ فرماکر سمجھ لیتے ہین کہ یہ شکایتین بیجا ہین اور ایسے مستقل مدرسہ مین جو کچھ دیا جائیگا تو اور زیادہ استقلال کا باعث ہوگا اور نہایت پائداری کے ساتھ مدرسہ قائم رہیگا اور ہمارا روپیہ کبھی ضایع ہونے پائیگا اور نیک کام مین ہمیشہ صرف ہوتا رہیگا۔ اب مین مدرسہ کی کچھہ علمی ترقی کو دکھلانا چاہتا ہون اور مجملاً اوسکا بیان کرتا ہون خدا کا شکر ہے کہ مدرسہ سبحانیہ سے جہان یہ سب کام انجام پاتے آئے درس نظامیہ کی تکمیل حفظ و ناظرہ قرآن مجید کی تحصیل فارسی و حساب و خوشنویسی اشاعت و ہدایت اسلام و فتوی نویسی و ضروری عقاید و مسائل دینی کتابون کی تالیف اشاعت وغیرہ وغیرہ وہان مدرسہ کے ذریعہ سے یہ بھی بہت بڑا کام انجام پاتا رہا اور اب بھی اس کار خیر کا سلسلہ جاری ہے کہ مدرسہ کے سند یافتہ علماؤنے بڑے بڑے شہرون مین بڑے بڑے مدارس و قصبات و دیہات مین چھوٹے مدارس قائم کیے یہ ایک خاص بات اللہ تعالی نے اس مدرسہ کو عطا فرمایا ہے جسکا شکر اوا نہین ہوسکتا گو اسکے بار بار لکھنے کی چندان ضرورت نہین اسلیے کہ ہمیشہ روئداد و اشتہارات وغیرہ مین یہ باتین شایع کی گئین لیکن پھر بھی ہر روئداد مین اوسکے لکھنے کی ضرورت معلوم ہوتی ہے کیونکہ جس سال کے روئداد مین یہ کارروائیان مدرسہ کی نہ لکھی جاوین اور کسی شخص کے ہاتھہ مین یہی روئداد پڑے اور سال ہاے گذشتہ کی روئداد مین اوسکے نظر سے نہ گذری ہونگی ہون تو مدرسہ کی کارروائیون پر کیونکر اوسکو اطلاع ہوسکتی ہے چنانچہ ہمارے شاگردون مین اور تعلیم یافتہ مدرسہ سبحانیہ سے عزیزی مولوی حافظ ریاست حسین صاحب نے شہر رائے بریلی مین مدرسہ رحمانیہ اور عزیزی مولوی محمد سجاد صاحب نے شہر گیا مین مدرسہ انوار العلوم اور عزیزی مولوی محمد فرخند علی صاحب نے شہر سہسرام مین مدرسہ خیریہ اور عزیزی مولوی شاہ ظہور حسام صاحب نے قصبہ مانکپور ضلع پرتاب گڈھ کے خانقاہ مین مدرسہ حسامیہ قایم کیے جنکے حالات مفصل وہین کے روئدادون اور اشتہارون سے بخوبی

معلوم ہو سکتے ہین اور ہمارے شاگرد شاہ ابو یوسف صاحب نے اپنے وطن کورہ سادات ضلع فتحپور مین ایک مدرسہ قائم کیا اور مولوی حکیم الدین صاحب سند یافتہ مدرسہ خیریہ نے اپنے وطن ملک بنگال مین مدرسہ قائم کیا اور امسال مولوی مفیض الدین صاحب نے ملک بنگال موضع ہندہرا ضلع میمن سنگہ مین مدرسہ اسلامیہ قائم کیا مدرسہ سبحانیہ کے سلسلہ تعلیم مین بفضلہ تعالی بکثرت علماء سند یافتہ ہوے جنکے کام و نام و مقام کی تفصیل روئداد ہا مین مندرج ہے۔

تعداد حفاظ و ناظرہ خوان مدرسہ ہذا کے بفضلہ تعالی اسقدر کثیر ہے کہ اونکے نام و سکونت وغیرہ کے لکھنے مین روئداد بہت طول ہو جائیگی اور خرچ طبع بہت بڑہ جائیگا اسے مجبوراً چھوڑنا پڑا اور امسال ایک بڑی بات یہ ہوئی کہ جناب مولوی عبد الحمید صاحب مدرس مدرسہ سبحانیہ ساکن ضلع دربھنگہ نے مجھسے اس بات کو ظاہر کیا کہ ہمارے اطراف مین ایسا کوئی مدرسہ نہین کہ جس سے عقائد حقہ کی پوری اشاعت ہوتی ہو بلکہ برعکس اسکے مخالفین عقائد باطلہ کا روز بروز زیادہ رواج دیتے جاتے ہین جس سے آیندہ بہت اندیشہ ہے کہ لوگ راستی پر قائم نرہ سکین اسلئے وہان پر ضرورت ہے کہ ایک مدرسہ حمیدیہ جو پہلے سے قائم ہے اوسکی پوری طور پر ترقی کیجاے اور بڑی کتابون کے پڑھنے والے طلبہ بھیجے جائین اور لائق لائق مدرس حنفی المذہب خوش عقیدہ وہان پر مقرر کئے جائین چنانچہ مین نے چند طلبہ بڑی کتابون کے پڑھنے والے اپنے مدرسہ کے وہان بھیجے اور اونکے ایک ماہ کی خوراک وغیرہ کے لیے مولوی صاحب موصوف کو پچاس روپیہ دیے اور مولوی صاحب کو وہین رہنے کی اجازت دی چنانچہ جناب مولوی صاحب موصوف دربھنگہ تشریف لیگئے اور مدرسہ حمیدیہ دربھنگہ کو اچھے پیمانہ پر کر دیا جسکا پورا حال وہان کے کاغذات شائع شدہ سے ظاہر ہوگا۔

اور بھی مدرسہ سبحانیہ سے بفضلہ تعالی اچھے اچھے کام انجام پاتے ہین ایک پرچہ بہت بڑا اعتقادی ضروری مسائل نماز روزہ وغیرہ کا موسوم بہ نقشہ ضروریات دین طبع کراکے شائع کیا گیا تاکہ لوگ اپنے مساجد و گھرون مین لگا لین تو ہر وقت مسائل پیش نظر ہین اور اکثر لوگون کے خواہش سے یہی عقائد و مسائل کچھ اور اضافہ کرکے ایک چھوٹی کتاب کے شکل مین جو موسوم بضروریات اسلام ہے طبع کراکے شائع کی گئی تاکہ لوگ سفر حضر مین اپنی جیب مین رکھ سکین اور عورتون اور بچون کو بآسانی تعلیم دے سکین اور اپنے مدرسون اور اسکولون مین داخل کر لین یہ کتاب بہت مقبول ہوئی متعدد مرتبہ چھپ چکی نقشہ ضروریات دین کی قیمت ایک آنہ اور کتاب ضروریات اسلام کی قیمت ۲ر رکھی گئی تاکہ سلسلہ طبع کا جاری رہے اور

لوگون کو خریدنے مین آسانی ہوا اور یہی کتاب ضروریات اسلام بنگلہ زبان کرکے بنگال مین شائع کی گئی نصاب وقواعد مدرسہ سال نہم کی روئداد مین شائع کئے گئے تھے وقتاً فوقتاً قواعد ترمیم بھی ہوتی رہی اور وہ روئداد بھی قریب ختم کے پہونچی اکثر لوگ جو نئے مدارس قائم کرتے ہین وہ مجھ سے ان قواعد کے خواستگار ہوتے ہین اس سے بھی بہت بڑا فائدہ دیگر مدارس کو پہونچتا ہے اسلئے اس روئداد مین اون قواعد کا طبع کر دینا ضروری سمجھا گیا اور نصاب سے یہ بات ضرور معلوم ہو جاتی ہے کہ اس مدرسہ مین یہ کتابین پڑہائی جاتی ہین اور حتی الوسع اسکی بھی کوشش کیجاتی ہے کہ لوگون کی کتابین آٹھ برس مین ختم ہوجائین اسیوجہ سے دستار بندی کا سلسلہ ہمیشہ قائم رہا۔

چنانچہ امسال بھی بفضلہ تعالی دو طلبہ فارغ التحصیل مولوی عبدالرزاق صاحب بہاری و مولوی محمد الیاس صاحب پورنیوی کے دستار بندی کا جلسہ بڑے دہوم دھام واحتشام کے ساتھ آخر ماہ ذی الحجہ ۱۳۳۵ھ مین بمقام جامع مسجد چوک الہ آباد جلسہ نہایت شاندار ہوا ہے جو قابل دید تھا۔

نصاب تعلیم جیسا کہ مدرسہ کے گذشتہ روئداد مین شائع کیا گیا اور اس روئداد مین بھی شائع کیا جاتا ہے اسکے متعلق خاص طور پر مجھے اس امر کے ظاہر کردینے کے ضرورت تھی میری دلی خواہش ہے کہ نصاب کے ساتھ جماعت بندی کے ذریعہ سے تعلیم کا سلسلہ جاری کردیا جائے اسمین بہت فائدے ہین لیکن بغیر سات آٹھ مدرسین کے جماعت بندی کا انتظام بالکل ناممکن ہے اس مدرسہ مین بلحاظ آمدنی تین مدرس اکثر رہاکئے اب بھی تین مدرس ہین اس سے زیادہ مدرس رکھنے کی گنجایش نہین ہے جسکی کیفیت نمبر اکے آمدنی خرچ کے ملاحظہ سے معلوم ہوسکتی ہے پس بصورت گنجایش جب مجھے موقع مدرسین کے بڑہانیکا ملجائیگا تو جماعت بندی کا بھی انتظام انشاءاللہ تعالی پورے طور سے کردیا جائیگا بعض بعض لوگ بعض باتون کی فرمائش کرتے ہین اور اونکے پورے نہوتے سے ناخوشی ظاہر کرتے ہین اسلئے اونکے باتونکا پورا جواب دینا ضروری ہوا اور امید ہے کہ دیندار منصف مزاج لوگ اسکو پسند فرماینگے۔

کچھ لوگون نے مجھسے اسبات کی خواہش ظاہر کی کہ مدرسہ کے اندر صنعت وحرفت داخل کردیجاتی تو بہت اچھا ہوتا اور بعض صاحبون نے بہت زور دیکر کہا کہ تعلیم طب کا سلسلہ اور ملا فاضل وغیرہ کی کتابین داخل کردینی بہت ضروری ہین تاکہ طلبا کو بعد فراغ تلاش معاش مین دقت نہ واقع ہو کیونکہ اکثر طلباء بعد فراغ پریشان حال دیکھے گئے اور بعضون سے کچھ نہ ہوسکا تو کاسۂ گدائی ہاتھ مین لیا مین نے جواب دیا کہ یہ دونون خیال

آپ کے لیئے ایک غرض مین دوسری غرض شامل کرنا اور فارغ التحصیل علماء کا پریشان حال یا ناقص
غلط ہے اور بغیر سمجھے بوجھے بات کا کہدینا ہے ہر محکمے کے اغراض دوسرے محکمہ کے اغراض سے جداگانہ
ہوتے ہین یہ ضروری بات نہین ہے کہ ایک ہی مدرسہ مین تمام تعلیمات پوری ہوجاین اور ایک ہی کچہری
مین تمام مقدمات فیصل ہوجایئن کہین پر مدرسہ طبیہ ہے کہین پر مدرسہ قرآنیہ ہے کہین پر مدرسہ درس
نظامیہ ہے کہین پر دارالعلوم کے اسکول کھولے ہین کہین پر حرفت وصنعت کے کارخانہ موجود ہین۔
کہین کچہری فوجداری ہے کہین پر عدالت دیوانی ہے جب کسی شخص کو جس بات کی حاجت پیش آتی ہے
اُس محکمہ مین جاکر اپنا تکمیلہ کرلیتا ہے سب باتون کو ایک ہی جگہ جمع کردینا طلب الکل فوت الکل کا مضمون
ہوجاتا ہے کیا مدارس طبیہ مین یہ بات پیش کیجائے کہ حفظ قرآن شریف ایک اعلی درجہ کی چیز ہے داخل
کرلیا جائے تو وہ مان لینگے کیا انگریزی اسکولون مین درخواست کیجائے کہ فقہ تفسیر حدیث مسلمانون
کے لیئے ضروری دینی چیز ہے مسلمانون کی تعلیم مین شامل کرلیجائے تو وہ منظور کرلیا جائیگا کیا عدالت
دیوانی کے مقدمات عدالت فوجداری مین پیش کئے جایئن تو وہ قابل سماعت ہونگے پھر خواہ مخواہی
ہر طرف سے ہمکو کیون مجبور کیا جاتا ہے کہ اپنی غرض مین دوسری اغراض بھی شامل کرلیے جایئن ہمارا
غرض اس مدرسہ سے صرف دینیات کی تعلیم ہے مدرسہ کی وقف نامون مین واقفین نے جسکی تصریح بھی
کردی ہے یعنی تعلیم کلام مجید وفقہ وحدیث وتفسیر یا اسکی موقوف علیہ کی تکمیل اور فارسی بقدر ضرورت
کیونکہ فارسی زبان مین شروح وحواشی فقہ تفسیر کے بہت ہین اونکے دیکھنے کے لیئے ضرورت پڑتی ہے
اور حساب اوسقدر کہ جس سے فرائض باسانی لگا لیئے جایئن اسکے علاوہ اور فن یا علم اور صنعت
ہمارے اغراض مین داخل نہین گو ہم اوسکے خلاف نہین جہان انکے مدارس کہلے ہین وہان جسکا جی چاہے
جاکر حاصل کرے ہمارے اغراض کا مقصود یہ ہے کہ لوگ اس مدرسہ مین پڑہکر عالم ربانی ہون اشاعت اسلام ہدایت
انام کرین لوگون کو فقہ فرائض کے مسائل بتلایئن جمعہ جماعت پڑہایئن درس تدریس فقہ تفسیر
کا سلسلہ دنیا مین جاری رکہین۔ علم دین بقائے اسلام کا یہی ایک ذریعہ ہمارے ہاتھ مین باقی
رہگیا ہے افسوس اسکو بھی لوگ چاہتے ہین کہ یہ طریقہ سلف صالحین بھی باقی نرہے اور مٹ جائے
خلط ملط کرکے دینی تعلیمات مین دنیاوی اغراض شامل کرکے برباد کرنا چاہتے ہین۔ نعوذ باللہ من
شرور انفسنا ومن سیات اعمالنا۔ باقی رہا یہ امر کہ فارغ شدہ لوگ کہان سے کہائینگے اور اونکو نوکریان

نہین ملتی یہ محض خیال خام اور وسوسہ شیطانی ہے ہم ہر طبقہ کے پاس شدہ لوگون کو کثرت سے پریشان حال دکھلا دینگے ایک نوکری خالی ہونے پر ایک اشتہار دینے پر سدہا عرضیان پہونچتی ہین اور لوگ بیکار پہرتے ہین اور ہم دعوی سے کہتے ہین کہ جس شخص نے ہمارے اغراض کی پوری تکمیل کی ہو ہرگز بیکار نرہیگا بلکہ نوکریان کثرت سے موجود ہین اور ایسے لوگ تلاش سے نہین ملتے۔ اسوقت بیس روپیہ سے لیکر ستر روپیہ تک کی دس نوکریان کی خبرین ہمارے پاس آہین اور ایسے قابل لوگ خالی نملے ہان ایسے جو لوگ ہمارے یہان پڑہتے ہین کہ کتابون کو ختم کرلیتے ہین لیکن اپنی شامت اعمال سے پوری محنت نہین کرتے اور جیسا چاہیے باوجود تاکید مزید کے قابلیت نہین حاصل کرتے وہی پریشان حال رہتے ہین اور بدنام کنندہ نکونام چند ہوتے ہین پھر ایسین ہمارے درس نظامیہ کے نصاب تعلیم کا کیا قصور ہے اسوقت جو قابل علما نظر آتے ہین اسے درس نظامیہ کے خوشہ چین ہین ورنہ نئی تعلیم مین وہ قابلیت کہان خصوصاً جبکہ ایسے ناقابل لوگ دوسرے طبقات و گروہون ہین بھی بکثرت موجود ہین پھر ہمارے ہی اوپر خواہ مخواہ ایسے اعتراضات بیجا کیون کیے جاتے ہین بھلے برے ہر جگہ ہوتے ہین۔ خدا کے فضل سے ہمارے اغراض اپنے اعلی درجہ کے ہین کہ جسکی نظیر نہین یہ وہ علم ہے کہ جسکی تعلیم جاری رکھنے کی تاکید رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمائی یہ وہ علم ہے جسکی قائم رکھنے کا حکم قرآن شریف مین اللہ تعالی نے فرمایا ہے یہ وہ علم ہے جس سے گمراہ لوگ راہ راست پر لائے جاتے ہین یہ وہ علم ہے کہ جو لوگ انہماک دنیاوی کی وجہ سے نماز روزہ چھوڑ دیتے ہین آخرت کو بہولے جاتے ہین اس سے اونکی ہدایت کیجاتی ہے کیا یہ کام اون لوگون سے نکل سکتا ہے جو دنیاوی علوم پڑہتے ہین اور نوکری کرکے دنیا مین لگے رہتے ہین انہی اغراض کے تکمیل کے لیے ہمنے مدرسہ کھولا ہے لوگون نے جایدادین وقف کین ہین تمام مسلمان چندہ دیتے ہین اور ریاستون سے امداد ہوتی ہے جسکو ہم نے بفضلہ تعالی پورے طور سے انجام دیکر دکھلا دیا ہے کسیکو مجال انکار باقی نرہا ہان اگر تعصب و حسد کے نگاہ سے کوئی نمانے تو انکا کیا علاج ہے مصرعہ چشمہ آفتاب راچہ گناہ۔ مدرسہ مین روزمرہ جو کتابین مستعملہ ہین اونکی بھی تفصیل کردی گئی ہے تاکہ ناظرین کو مدرسہ کے پورے حالات معلوم ہون و مدرسہ کی وقعت ہو اور مدرسہ کے ترقی کی طرف اونکی پوری توجہ ہو۔

ابھی مدرسہ مین بہت ضرورتین ہین طلباء بفضلہ تعالی بکثرت ہر طرف سے مدرسہ کے خوبی تعلیم

وحسن انتظام کی شہرت سنکر برابر خطوط بھیجتے رہتے ہین بقدر گنجایش ضرور رکھے جاتے ہین ورنہ مجبوراً جواب دینا پڑتا ہے اور کتابون کی بھی بہت کمی ہے کبھی کبھی ایک کتاب مین دو دو طالب علم شریک ہوکر مطالعہ دیکھتے ہین اور پڑھتے ہین مرمت مکانات وفرش وپردہ ٹاٹ مدرسہ وطبع روئداد واشتہارات وغیرہ وغیرہ کے اخراجات مین بڑی دقت پڑجاتی ہے گو لفضلہ آمدنی معقول ہے تو ویسا ہی خرچ بھی کثیر ہے ان سب باتون کو لحاظ کرتے ہوئے اُمید ہے کہ اہل ہمت اس مدرسہ کی ترقی واستحکام کی طرف توجہ فرمائینگے ابھی حال مین جناب شیخ حبیب اللہ صاحب ڈپٹی کلکٹر رئیس موضع پاون ضلع الہ آباد پنشنر نے مبلغ سنو روپیہ مدرسہ کے لئے عطا فرمایا اللہ تعالیٰ اونکو جزائے خیر دے آمین۔

چونکہ یہ رقم سنہ ۱۳۳۵ھ مین آئی ہے اسلئے اسکا جمع خرچ اسیطرح سے اور جو اشیاء یا رقمین ۳۵ھ ختم ہونے پر آئین ہین آئندہ سال کے روئداد مین دکھایا جائیگا اگر لوگ اسطرح اپنی توجہ قائم رکھینگے تو انشاء اللہ تعالیٰ آئندہ یہ مدرسہ اور بڑے پیمانہ پر پہونچ جائیگا اور بڑے بڑے دینی کام اس سے نمایان ہونگے۔ آمین یارب العالمین۔

مدرسہ کی آمدنی واخراجات کے مدات علٰحدہ علٰحدہ ہین تاکہ زکواۃ وغیرہ اپنے مصرف مین صرف ہون۔

مد۱ اس مد مین چندہ ماہواری مندرج ہوتا ہے اور تنخواہ ملازمین وطبع روئداد وغیرہ اسکا مصرف ہے

مد۲ اس مد مین متفرق چندہ جمع کیا جاتا ہے اسکا صرف مدرسہ کے جملہ متفرق اخراجات مین کیا جاتا ہے

مد۳ اس مد مین آمدنی ماہوار زکواۃ کا جمع ہوتی ہے اسکا مصرف طلباء کا پارچہ وغیرہ ہے۔

مد۴ اس مین کھال قربانی وزکواۃ صدقات متفرقات جمع ہوتا ہے اسکا مصرف طلبا کی خوراک ودیگر اخراجات طلبا

مد۵ اس مین آمدنی جایداد موقوفہ شیخ عبد الصمد صاحب جو خاص بنا بر وظیفہ طلبا مدرسہ سبحانیہ وقف کی گئی ہے مندرج ہوتی ہے۔

مد۶ اس مین ریاست حیدرآباد کے روپیہ کا جمع خرچ ہے۔

مد۷ اس مین پارچہ وغیرہ اشیاء جو مدرسہ مین آتی ہین اوسکا جمع خرچ ہے فقط

السعی منی والاتمام من اللہ تعالیٰ

کتبہ خادم الطلباء والعلماء فقیر محمد عبد الکافی عفی عنہ
مہتمم مدرسہ سبحانیہ وامام جامع مسجد چوک۔ الہ آباد

نقشہ علماے سند یافتگان مدرسہ سبحانیہ الہ آباد من ابتداے سنہ ۱۳۱۸ھ لغایت سنہ ۱۳۳۶ھ

نمبر	اسماے علماے سند یافتہ	سکونت	سنہ فراغت	کیفیت
۱	مولوی علی حسن صاحب	بہار	سنہ ۱۳۱۸ھ	بہار مین ایک رئیس کے یہان مدرس ہین
۲	مولوی شاہ خوب اللہ صاحب	الہ آباد	سنہ ۱۳۲۲ھ	مطبع قایم کیا۔
۳	مولوی عبد الغنی صاحب	بہار	״	بہار مین ایک رئیس کے یہان مدرس ہین
۴	مولوی امیر حسن صاحب	بہار	״	مدرسہ سبحانیہ مین مفتی ہین۔
۵	مولوی ریاست حسین صاحب	منجھلے پور ضلع راے بریلی	״	شہر راے بریلی مین ایک بہت بڑا مدرسہ رحمانیہ قائم کیا ہے جسکے مہتمم اور مدرس ہین
۶	مولوی محمد سجاد صاحب	بہار	״	گیا مین ایک بہت بڑا مدرسہ انوار العلوم قائم کیا ہے جسکے مہتمم اور مدرس ہین۔
۷	مولوی شاہ ابو سعید صاحب	״	سنہ ۱۳۲۲ھ	بہار مدرسہ عزیزیہ مین مدرس ہین۔
۸	مولوی کبیر الدین صاحب	״	״	پٹنہ مین مطب کرتے ہین۔
۹	مولوی محمد اختر صاحب	الہ آباد	سنہ ۱۳۲۳ھ	لعل گنج ضلع پرتاب گڈھ مدرسہ تبلیغ الاسلام مین مدرس ہین۔
۱۰	مولوی محمد مفیض الدین صاحب	بنگال	״	میمن سنگھ مین ایک مدرسہ قائم کیا ہے۔ جسکے مہتمم ہین۔
۱۱	مولوی حافظ محمد یعقوب صاحب	آرہ	״	موضع کرڈا ضلع گیا کے مدرسہ مین مدرس ہین
۱۲	مولوی محمد فرخند علی صاحب	سہسرام	״	سہسرام مین ایک بہت بڑا مدرسہ خیریہ قایم کیا ہے جسکے مہتمم اور مدرس اول ہین
۱۳	مولوی سید محمد ابو یوسف صاحب	کورہ فتحپور	سنہ ۱۳۲۶ھ	بمبئی مین مطب کرتے ہین۔
۱۴	مولوی سید احمد صاحب	اعظم گڈھ	״	انتقال ہو گیا۔

نمبر	اسماے علماے سند یافتہ	سکونت	سنہ فراغت	کیفیت
۱۵	مولوی سید انیس الحق صاحب	بہار	سنہ ۱۳۲۶ھ	پٹنہ مین مطب کرتے ہین۔
۱۶	مولوی شاہ ظہور حسام صاحب	مانکپور پرتاپگڈھ	سنہ ۱۳۲۶ھ	مانکپور مین مدرسہ حسامیہ قائم کیا ہے۔
۱۷	مولوی عبد الحکیم صاحب	بہار	״	مدرسہ انوار العلوم گیا مین مدرس ہین۔
۱۸	مولوی عبد الرحمن صاحب	راے گاؤن ضلع سورت	״	انتقال ہوگیا۔
۱۹	مولوی حبیب الرحمن صاحب	بہار	״	کاگنارہ ضلع چوبیس پرگنہ کے مدرسہ مین مدرس اول ہین۔
۲۰	مولوی عبد اللطیف صاحب	گیا	״	مدرسہ انوار العلوم گیا مین مدرس ہین۔
۲۱	مولوی تقی احمد صاحب	بہار	״	کلکتہ کے ایک اسکول کے ہیڈ مولوی ہین
۲۲	مولوی عبد الوہاب صاحب	״	״	بطور خود اشاعت اسلام کرتے ہین۔
۲۳	مولوی بشیر الدین صاحب	سہسرام	״	کلکتہ مین مطب کرتے ہین۔
۲۴	مولوی عبد الماجد صاحب	بہار	سنہ ۱۳۲۷ھ	مطب کرتے ہین۔
۲۵	مولوی وحید الحق صاحب	سہسرام	״	انتقال کرگئے۔
۲۶	مولوی امانت اللہ صاحب	بنارس	״	بنارس مین تجارت کرتے ہین اور پڑھاتے بھی ہین۔
۲۷	مولوی عنایت اللہ صاحب	״	سنہ ۱۳۲۹ھ	مطب کرتے ہین۔
۲۸	مولوی عبد الرزاق صاحب	سہسرام	״	مطب کرتے ہین۔
۲۹	مولوی عبد الرحمن صاحب قیس	اعظم گڈھ	سنہ ۱۳۳۱ھ	مدرسہ حمیدیہ دربھنگہ مین مدرس ہین۔
۳۰	مولوی عبد الجبار صاحب	بہار	״	״
۳۱	مولوی محمد عمر صاحب	الہ آباد	״	مدرسہ مصباح العلوم الہ آباد مین مدرس ہین
۳۲	مولوی عبد الرزاق صاحب	کلکتہ	سنہ ۱۳۳۵ھ	مدرسہ عزیزیہ بہار مین مدرس ہین۔

نمبر	اسماے علماے سند یافتہ	سکونت	سنہ فراغت	کیفیت
۳۳	مولوی الیاس احمد صاحب	پورینیہ	١٣٢٥ھ	اپنے مکان کے قریب مدرسہ کھولا ہے اوسکے مدرس اول ہین۔

نقشہ علماے سند یافتگان مدرسہ رحمانیہ راے بریلی

نمبر	اسماے علماے سند یافتہ	سکونت	کیفیت
١	مولوی واجد علی صاحب	سہسرام	کلکتہ مین مطب کرتے ہین۔
٢	مولوی عبد الصمد صاحب	رر	کلکتہ مین ایک رئیس کے یہان مدرس ہین۔
٣	مولوی محمد یحییٰ صاحب	رر	سہسرام مین مطب کرتے ہین۔
۴	مولوی نظر اللہ صاحب	رر	مدرسہ حنفیہ آسن سول مین مدرس اول ہین۔
۵	مولوی کریم بخش صاحب	مرشد آباد	ضلع ڈھاکا کے ایک مدرسہ مین مدرس ہین۔
٦	مولوی تمیز الدین صاحب	پورینیہ	اپنے وطن مین ایک مدرسہ کے مدرس ہین۔
٧	مولوی ابو بکر صاحب	بمبئی	بمبئی مین ایک مسجد کے امام ہین۔

نقشہ علماے سند یافتگان مدرسہ انوار العلوم گیا

نمبر	اسماے علماے سند یافتہ	سکونت	کیفیت
١	مولوی عبد الرشید صاحب	بہار	صیغہ تعلیم مین ملازم ہین۔
٢	مولوی شاہ صدر الحق صاحب	رر	اپنے مکان پر سجادہ نشین ہین۔
٣	مولوی علی کریم صاحب	رر	خدمت دینے کے لیے انگریزی پڑھتے ہین۔
۴	مولوی رشید احمد صاحب	رر	مکان پر ہین۔

نقشہ علماے سند یافتگان مدرسہ خیریہ سہسرام

نمبر	اسماے علماے سند یافتہ	سکونت	سنہ فراغت	کیفیت
۱	مولوی کلیم الدین صاحب	مرشد آباد	سنہ ۱۳۳۱ھ	انتقال ہوگیا۔
۲	مولوی فضل الرحمن صاحب	"	"	اپنے وطن مین ایک مدرسہ کے مدرس ہین
۳	مولوی رمضان علی صاحب	بھاگلپور	سنہ ۱۳۳۳ھ	مدرسہ خیریہ مین مدرس ہین۔
۴	مولوی عظیم بخش صاحب	"	"	مدرسہ اسلامیہ ضلع ومکا مین مدرس اول ہین
۵	مولوی عبد الحمید صاحب	سہسرام	"	مدرسہ ریاست سرگجہ مین مدرس ہین۔
۶	مولوی نور العظیم صاحب	اسن سول	"	مدرسہ حنفیہ اسلامیہ آسن سول مین مدرس ہین۔
۷	مولوی حبیب اللہ صاحب	بھاگلپور	"	ایک رئیس کے یہان مدرس ہین۔
۸	مولوی کوثر علی صاحب	"	"	اپنے وطن مین ایک مدرسہ کے مدرس ہین۔
۹	مولوی سخاوت علی صاحب	"	"	کسی رئیس کے یہان مدرس ہین۔
۱۰	مولوی ذکی الدین صاحب	"	"	اپنے مکان پر ہین۔
۱۱	مولوی ظہیر الدین صاحب	پورنیہ	سنہ ۱۳۳۱ھ	انتقال ہوگیا۔
۱۲	مولوی عبد اللطیف صاحب	سہسرام	سنہ ۱۳۳۶ھ	مدرسہ خیریہ سہسرام کے وکیل ہین۔
۱۳	مولوی عبد الستار صاحب	"	"	
۱۴	مولوی محمد صدیق صاحب	"	"	اپنے مکان پر ہین۔
۱۵	مولوی محمد حنیف صاحب	گیا	"	"
۱۶	مولوی قمر الدین صاحب	بھاگلپور	"	"
۱۷	مولوی عبد القادر صاحب	دمکا	"	"
۱۸	مولوی عبد الواحد صاحب	مرشد آباد	"	"

نقشہ اسماے طلباے مدرسہ سبحانیہ مع نام کتاب زیر درس ودیگر حالات طعام ونتیجہ امتحان سالانہ وغیرہ

واضح رہے کہ نتیجۂ امتحان مین نمبر کامیابی ۲۰ و ۱۹ ۔ اول اور ۱۸ و ۱۷ ۔ دوم اور ۱۶ و ۱۵ سوم مقرر ہین اور اسکے کم ناکامیابی ہے اور صاد درجہ اعلیٰ ہے

نمبر شمار	درجہ	نام طالب علم	سکونت	نام کتاب زیر درس مع نمبر امتحان	کھانا کہان سے ملتا ہے	کیفیت
۱	عربی	مولوی عبد الرزاق	کلکتہ	بخاری شریف ۔ مسلم شریف ۔ قاضی مبارک	از مدرسہ	بنابر چندہ دستار بندی خود غیر اضلاع بھیجے گئے ۔
۲	〃	مولوی نعمت اللہ	موضع تارہ ضلع الہ آباد	〃 مسلم الثبوت 〃	خود	مدرسہ رحمانیہ راے بریلی ایک ماہ کے لئے مدرس کرکے بھیجے گئے ۔
۳	〃	مولوی عبد الحمید خان	ضلع اعظم گڈھ	〃 مسلم شریف 〃	از مدرسہ	جب امتحان تھا بیمار تھے ۔
۴	〃	مولوی جمال الدین	ضلع دربھنگہ	〃 〃 〃	〃	امتحان مین شریک نہین ہوسکے باہر جانے والے تھے ۔
۵	〃	مولوی محمد الیاس	ضلع پورنیہ	〃 〃 〃	〃	بنابر چندہ دستار بندی غیر اضلاع بھیجے گئے ۔
۶	〃	مولوی عبد العزیز	دربھنگہ	ابو داؤد شریف ۲۰ مسلم شریف ۲۰	〃	

نمبر شمار سلسلہ وار	نام درجہ	نام طالب علم	سکونت	نام کتاب زیر درس مع نمبر امتحان	کھانا کہاں سے ملتا ہے	کیفیت
۷	عربی	مولوی منظور حسن	اعظم گڈھ	ترمذی شریف، نور الانوار، ملاحسن	از مدرسہ	بیمار ہوکر مکان گئے۔
۸	″	مولوی منظور احمد	″	ترمذی شریف ۱۹، حمد اللہ ۲۰، ہدایہ اولین ۲۰	″	
۹	″	مولوی مقبول احمد	بہار	ابوداؤد شریف ۱۶، مسلم شریف ۱۵، حمد اللہ ۱۴	″	
۱۰	″	مولوی حفیظ اللہ	اعظم گڈھ	ترمذی شریف ۱۶، ہدایہ اولین ۲۰، حمد اللہ ۲۰	″	
۱۱	″	مولوی نصیر الدین	پرتاب گڈھ	نور الانوار ۱۸، مختصر المعانی ۱۹، ملاحسن ۲۰	″	
۱۲	″	مولوی محمد مرتضیٰ	″	ہدایہ اولین ۱۹، ملاحسن ۲۰، مختصر المعانی ۲۰	″	
۱۳	″	مولوی غلام حبیب	پشاور	″ ۲۰، ″ ۲۰، ″ ۲۰		
۱۴	″	مولوی روشن علی	پورنیہ	ابوداؤد شریف ۱۹، ہدایہ اولین ۲۰، ملاحسن ۱۹، مختصر المعانی ۲۰	″	
۱۵	″	مولوی فضل حسین	مظفر پور	ہدایہ اولین ۱۶، مختصر المعانی ۱۵، ملاحسن ۱۶		

۱۶	عربی	مولوی محمد ابراہیم	سلہٹ	ترمذی شریف ۲۰ - نورالانوار ۱۹ - ملاحسن ۱۸ - میبذی ۱۷	از مدرسہ	
۱۷	〃	مولوی عبدالحمید	بنگال کمرلہ	ہدایہ اولین ۱۹ مختصر المعانی ۲۰	〃	
۱۸	〃	مولوی سعیدالحسن	〃	〃 ۲۰ 〃 ۲۰	〃	
۱۹	〃	مولوی عبداللطیف خاں	ضلع الہ آباد	ترمذی شریف - نورالانوار - ملاحسن - میبذی	از خود	ایک مقدمہ کی ضرورت سے رخصت لیکر مکان گئے۔
۲۰	〃	مولوی محمد ادریس	〃	〃 ۱۸ 〃 ۱۹ 〃 ۱۹ 〃 ۱۷	〃	
۲۱	〃	مولوی عبدالشکور	ضلع جونپور	شرح تہذیب ۱۹ شرح جامی ۱۷ قدوری ۲۰	منشی عبدالغفور صاحب انسپکٹر خفیہ پولیس کے بیان	
۲۲	〃	مولوی محمد فاضل	ضلع گیا	〃 ۲۰ 〃 ۱۸ 〃 ۲۰	شاہ محمد وکیل صاحب محلہ چوک کے بیان	
۲۳	〃	مولوی سید ہادی حسن	ضلع الہ آباد	〃 ۲۰ 〃 ۲۰ 〃 ۲۰	از خود	
۲۴	〃	مولوی شبیر احمد	〃	〃 ۲۰ 〃 ۱۷ 〃 ۲۰	〃	
۲۵	〃	مولوی سید اظہار حسن	〃	〃 ۲۰ 〃 ۲۰ منیۃ المصلی ۲۰ اخلاق محسنی ۱۶	〃	

نمبر شمار	جماعت	نام طالب علم	سکونت	نام کتاب زیر درس مع نمبر امتحان	کھانا کہاں سے ملتا ہے	کیفیت
۲۶	عربی	مولوی شرف الدین	بکسر	شرح جامی ۲۰ شرح تہذیب ۲۰ مینۃ المصلی ۲۰	ازخود	
۲۷	"	حافظ معین الدین	مظفرپور	کافیہ ۲۰ مرقات ۱۹ مینۃ المصلی ۱۹	گدڑی بازار کے مسجد کے امام ہیں۔	
۲۸	"	مولوی عزیز الرحمن	ضلع الہ آباد	" ۲۰ " ۲۰ مینۃ المصلی ۲۰ - اخلاق محسنی ۲۰	چودہری محمد موسی صاحب مختار	
۲۹	"	مولوی محمد داؤد	جونپور خاص	منشعب گلستان	ازخود	غیر حاضر
۳۰	"	صفی الرحمن	ضلع الہ آباد	شرح مائۃ عامل ۲۰ علم الصیغہ ۲۰ گلستان ۲۰	از مدرسہ	
۳۱	"	ابوبکر	ضلع پرتاب گڈھ	زبدہ ۲۰ گلستان ۱۹ خوشخطی ۱۹	انجینیر ظہور محمد صاحب محلہ دوندی پور	
۳۲	"	نعیم اللہ	الہ آباد	زبدہ ۲۰ بوستان ۲۰	ازخود	
۳۳	"	فراست حسین	شہر الہ آباد	زبدہ ۱۵ گلستان ۱۷ خوشخطی ۱۹	"	
۳۴	"	نظام الدین	گیا	پنج گنج	چوہری خا صاحب محلہ اترسوئیا	غیر حاضر

۴۵	″	شرافت علی	بنگال	ہدایۃ النحو ۱۹ مرقات ۱۹ سفینۃ المصلی ۲۰	خود	
۴۶	″	مولوی عبدالحق	″	شرح تہذیب شرح جامی	عبدالرحمن صاحب ولد فضل محمد صاحب محلہ اٹالہ	غیر حاضر
۴۷	فارسی	ظہیر الدین	الہ آباد	گلستان ۱۹ خوشخطی ۲۰ املا ۱۸	خود	
۴۸	″	شبیر احمد	″	گلستان	″	غیر حاضر
۴۹	″	محی الدین	ضلع الہ آباد	گلستان ۲۰ خوشخطی ۲۰ املا ۱۵	از مدرسہ	
۵۰	″	غلام نبی	″	″ ۱۸ ″ ۲۰	خود	
۵۱	″	احمد حسین	″	فارسی کی دوسری ۲۰ ″ ۲۰ ″ ۱۸	″	
۵۲	″	جمیل الدین	″	گلستان ۲۰ ″ ۲۰ ″ ۲۰ میزان الصرف ۲۰	″	
۵۳	″	محمد اسحاق	″	فارسی کی دوسری	″	غیر حاضر
۵۴	″	مقیم الدین	″	فارسی کی دوسری ۲۰ خوشخطی ۲۷۰ املا ۲۰	″	

نمبر شمار	شعبۂ تعلیم	نام طالب علم	سکونت	نام کتاب زیر درس مع نمبر امتحان	کھانا کہاں سے ملتا ہے	کیفیت
۴۵	فارسی	عبدالرشید	ضلع الٰہ آباد	گلزار دبستان ۱۹	خود	
۴۶	″	حافظ نجم الدین	بدایوں	میزان الصرف ۲۰ گلستان ۲۰	″	
۴۷	″	عبدالشکور	بکسر	گلستان ۲۰	″	
۴۸	″	مقبول احمد	ضلع الٰہ آباد	گلستان	از مدرسہ	غیر حاضر
۴۹	″	عین الحق	″	فارسی کی پہلی ۱۹ خوشخطی ۱۹ املا ۱۸	از خود	
۵۰	″	محمد عالم خان	ضلع گیا	″ ۲۰ ″ ۱۸ ″ ۱۵ گلزار دبستان ۲۰	مرزا صاحب باورچی نخاس کہنہ	
۵۱	″	شہامت اللہ	ضلع آرہ	″ ۲۰ ″ ۱۸ ″ ۱۵ ″ ۲۰	از خود	
۵۲	″	عبدالحی	ضلع جونپور	گلزار دبستان ۲۰	صاحبان سبزی فروشان چوک	
۵۳	″	محمد عباس	شہر الٰہ آباد	اردو کی تیسری ۲۰	خود	

۵۴	؍؍	محمد ایوب	؍؍	اردو کی تیسری ۲۰	؍؍	
۵۵	؍؍	محمد یوسف	؍؍	اردو کی دوسری ۲۰	؍؍	
۵۶	؍؍	عبد الخالق	؍؍	؍؍ ۲۰	؍؍	
۵۷	؍؍	ولی محمد	؍؍	؍؍ ۱۹	؍؍	
۵۸	؍؍	غلام نبی ثانی	الآباد	اردو کی پہلی ۱۵	؍؍	
۵۹	؍؍	شریف احمد	؍؍	؍؍ ۱۸	؍؍	
۶۰	؍؍	عبد اللطیف	؍؍	اردو کی تیسری کتاب ۱۹	؍؍	
۶۱	؍؍	محمد یٰسین	؍؍	اردو کی پہلی کتاب ۱۹	؍؍	
۶۲	؍؍	عبد الغفور	؍؍	اردو کی دوسری کتاب ۲۰	؍؍	
۶۳	؍؍	شاہد حسن	؍؍	اردو کی پہلی	؍؍	بیمار

نمبر شمار	[illegible]	نام طالب علم	سکونت	نام کتاب زیر درس مع نمبر امتحان	کھانا کہاں سے ملتا ہے	کیفیت
۶۴	فارسی	رمضان علی	الآباد	اردو کی تیسری کتاب ۲	ازخود	
۶۵	〃	شجاعت علی	〃	اردو کی پہلی کتاب ۱۹	〃	
۶۶	〃	خلیل احمد	〃	〃	〃	غیر حاضر
۶۷	〃	محمد حنیف	〃	اردو کی دوسری کتاب ۱۹	〃	
۶۸	〃	منو	〃	〃	〃	
۶۹	〃	عبد الغفار	〃	اردو کی دوسری کتاب ۱۸	〃	
۷۰	〃	عثمان علی	〃	قاعدہ ۱۹	〃	
۷۱	〃	نصیر الدین	〃	اردو کی دوسری کتاب ۱۹	〃	
۷۲	〃	بشیر الدین	〃	قاعدہ اردو ۱۹	〃	

۷۳	فارسی	زاہد حسین	الٰہ آباد	اردو کی پہلی ۲۰	ازخود	
۷۴	″	جمن	″	اردو کی دوسری کتاب ۱۸	″	
۷۵	″	شریف ولد احسان علی	″	اردو کی پہلی کتاب ۱۸	″	
۷۶	اردو حافظ ناظرہ	محمد اسمٰعیل	″	قرآن شریف ختم ۱۹	″	
۷۷	″	عبدالاحد	″	″ ۲۰	″	
۷۸	″	محمد شفیع	″	″	ازمدرسہ	بیمار
۷۹	″	طفیل احمد	دربھنگہ	″ ۱۸	دونڈی پور کے مسجد سے	
۸۰	″	شبیر احمد	جھونسی ضلع الٰہ آباد	انتیسواں پارہ ۲۹ ۱۸	چودھری رضا حسین صاحب کے یہاں	
۸۱	″	عبدالستار	الٰہ آباد	اکیسواں پارہ ۲۱ ۲۰	خود	
۸۲	″	رحمت اللہ	″	بیسواں پارہ ۲۰ ۱۸	″	

[illegible]	درجہ تعلیم	نام طالب علم	سکونت	نام کتاب زیر درس مع نمبر امتحان	کھانا کہاں سے ملتا ہے	کیفیت
۸۳	درجہ حافظ	محمد حنیف	فدہینگہ	سولہواں پارہ ۱۹	باورچیان گڑہی کی سرائے	
۸۴	〃	محمد ابراہیم	الہ آباد	〃 ۲۰	خود	
۸۵	〃	عباد اللہ	〃	نواں پارہ ۲۰	〃	
۸۶	〃	محمد صدیق	〃	آٹھواں پارہ ۱۹	〃	
۸۷	〃	محمد حبیب	〃	چھٹواں پارہ ۲۰	〃	
۸۸	〃	محمد صادق	〃	〃 ۲۰	〃	
۸۹	〃	دلدار حسین ولد قاسم حسین	〃	تیسرا پارہ ۲۰	〃	
۹۰	ناظرہ	محمد یوسف	〃	اکیسواں پارہ ۲۰	〃	
۹۱	〃	اکبر علی	〃	سترہواں پارہ ۲۰	〃	

۹۲	ناظرہ	سمیر الدین	الہ آباد		خود	رخصت
۹۳	〃	عظمت اللہ	〃	پہلا پارہ ۲۰	〃	
۹۴	〃	عبداللہ	〃	پارہ عم ۱۸	〃	
۹۵	〃	الٰہی بخش	〃	〃	〃	بیمار
۹۶	〃	کریم بخش	〃	پہلا پارہ ۱۹	〃	
۹۷	〃	عبدالرزاق	〃	پارہ عم ۲۰	〃	
۹۸	〃	شاہ حسن	〃	پہلا پارہ	〃	بیمار
۹۹	〃	عبدالمنان	〃	پارہ عم ۲۰	〃	
۱۰۰	〃	کلن	〃	〃 ۱۹	〃	
۱۰۱	〃	عبدالحی	〃	پہلا پارہ ۱۸	〃	
۱۰۲	〃	بلاقی	〃	پارہ عم ۱۳	〃	ناکامیاب

نمبر شمار سلسلہ وار	نام درجہ	نام طالب علم	سکونت	نام کتاب زیر درس مع نمبر امتحان	کھانا کہاں سے ملتا ہے	کیفیت
۱۰۳	ناظرہ	معین الدین	الٰہ آباد	پارہ عم ۱۸	خود	
۱۰۴	حافظہ	کریم الدین	مظفرپور	ناکامیاب نواں پارہ	شہر میں جاگیر ہے	
۱۰۵	〃	محمد اسحاق کلاں	〃	اٹھارہواں پارہ ۱۸	بشیر الدین صاحب محلہ بلوا گھاٹ	
۱۰۶	〃	محمد اسحاق خرد	الٰہ آباد	چھٹواں پارہ ۳۰	خود	
۱۰۷	〃	حبیب الرحمن	〃	سولہواں پارہ ۱۶	〃	
۱۰۸	〃	شمس الدین	〃	نصف ۲۰	〃	
۱۰۹	〃	تفضل	〃	دسواں پارہ ۱۹	〃	
۱۱۰	〃	رسول محمد	〃	〃 ۱۷	〃	
۱۱۱	〃	محمد حنیف	〃	چھٹواں پارہ ۱۷	〃	

۱۱۲	حافظ	فاروق	الہ آباد	تیسرا پارہ ۱۸	خود	
۱۱۳	〃	محمود خان	گیا	آٹھواں پارہ	از مدرسہ	بیمار
۱۱۴	〃	دوست محمد	الہ آباد	پندرہواں پارہ ۱۳	خود	ناکامیاب
۱۱۵	〃	عبد الغفور	〃	ساتواں پارہ ۲۰	〃	
۱۱۶	〃	عبد المجید	〃	پارۂ عم ۱۸	〃	
۱۱۷	〃	نور الحسن	〃	〃 ۲۰	〃	
۱۱۸	〃	عبد الغنی	یحیی پور شہر الہ آباد	سترہواں پارہ ۱۸	〃	ذیل کے طلبا داخل ہیں جو محلہ جاپ میں حضرت شاہ عبد الجلیل
۱۱۹	ناظرہ	کلو	شہر الہ آباد	انتیسواں پارہ ۱۷	〃	صاحب کے روضہ پر پڑھتے ہیں اور وہ مدرسہ اسی مدرسہ کا
۱۲۰	〃	ننھے	〃	گیارہواں پارہ ۱۹	〃	ایک جزو ہے۔
۱۲۱	〃	شجاعت علی	〃	〃 ۱۷	〃	
۱۲۲	〃	عبد الجبار	〃	چھٹواں پارہ ۱۹	〃	

نمبر شمار سلسلہ وار	نام درجہ	نام طالب علم	سکونت	نام کتاب زیر درس مع نمبر امتحان	کھانا کہاں سے ملتا ہے	کیفیت
۱۲۳	ناظرہ	محمد شفیع	شہر الٰہ آباد	پانچواں پارہ ۱۸	از خود	
۱۲۴	"	عبد الخالق	"	" ۱۹	"	
۱۲۵	"	رمضان	"	قرآن شریف ختم ۲۰	"	
۱۲۶	"	محمد حنیف ولد جان محمد	"	پانچواں پارہ ۲۰	"	
۱۲۷	"	غلام نظام الدین	"	چوتھا پارہ ۱۸	"	
۱۲۸	"	سنو ولد مخدوم حسین	"	تیسرا پارہ ۱۹	"	
۱۲۹	"	عبد الرزاق	"	" ۱۵	"	
۱۳۰	"	محمد صدیق	"	" ۱۸	"	
۱۳۱	"	تجمل حسین	"	دوسرا پارہ ۱۹	"	

۱۳۲	ناظره	عبدالغفار	شہر الہ آباد	دوسرا پارہ ۱۹	ازخود	
۱۳۳	"	محمد رفیع	"	پارہ ششم ۱۹	"	
۱۳۴	"	جمعہ	"	" ۱۸	"	
۱۳۵	"	دوست محمد	"	" ۱۹	"	
۱۳۶	"	محمد اسحاق	"	" ۲۰	"	
۱۳۷	"	رمضان	"	" ۲۰	"	
۱۳۸	"	عبدالحفیظ	"	" ۲۰	"	
۱۳۹	"	عبدالحق	"	" ۲۰	"	
۱۴۰	"	محمد سلیم	"	" ۲۰	"	
۱۴۱	"	عبدالعزیز	"	" ۲۰	"	
۱۴۲	"	حبیب اللہ	"	تیسرا پارہ ۱۸	"	

کیفیت	کھانا کھاں سے ملتا ہے	نام کتب زیر درس مع نمبر امتحان	سکونت	نام طالب علم	نام جماعت	نمبر رجسٹر داخلہ
	از خود	پارہ عم ۱۹	شہر الٰہ آباد	تجمل حسین ولد محمد خان	ناظرہ	۱۴۳
	//	قاعدہ ۱۹	//	تبارک حسین	//	۱۴۴
	//	پارہ عم ۲۰	//	عبیدالواحد	//	۱۴۵
	//	// ۲۰	//	جمن	//	۱۴۶
	//	قاعدہ ۲۰	//	محمد شفیع	//	۱۴۷
	//	// ۲۰	//	عفو	//	۱۴۸
	//	پارہ عم ۱۹	//	محمد صادق	//	۱۴۹
	//	// ۱۸	//	نذیر خان	//	۱۵۰
	//	// ۱۸	//	درگاہی	//	۱۵۱

۱۵۲	ناظرہ	محمد واسع	شہر الہ آباد	الم ۲۰	ازخود	
۱۵۳	〃	کفایت اللہ	〃	قاعدہ ۲۰	〃	
۱۵۴	〃	بقاتی	〃	پارہ عم ۱۹	〃	
۱۵۵	〃	ارشاد اللہ	〃	〃 ۲۰	〃	
۱۵۶	〃	پیارے	〃	〃 ۲۰	〃	
۱۵۷	〃	حیات اللہ	〃	〃 ۲۰	〃	
۱۵۸	〃	بشیر الدین	〃	قاعدہ ۲۰	〃	
۱۵۹	〃	محمد صابر	〃	〃 ۱۸	〃	
۱۶۰	〃	محمد طاہر	〃	پارہ عم ۲۰	〃	
۱۶۱	〃	محمد سلیم	〃	قاعدہ ۲۰	〃	

فہرست کتب دفتر مدرسہ سبحانیہ الہ آباد جو روزمرہ مدرسہ کے کام میں لائے جاتے ہیں

نمبر	نام کتب	کیفیت
۱	کتاب حاضری مدرسین و ملازمین	
۲	کتاب حاضری جمیع طلبہ	
۳	کتاب حاضری درجہ اول عربی	
۴	کتاب حاضری درجہ دوم عربی	
۵	کتاب حاضری درجہ سوم عربی	
۶	کتاب حاضری درجہ فارسی	
۷	کتاب حاضری درجہ حفظ (۱)	
۸	کتاب حاضری درجہ حفظ (۲)	
۹	کتاب حاضری درجہ ناظرہ	
۱۰	کتاب قبض الوصول	ملازمین و مدرسین کو تنخواہ دیکر اسمیں دستخط کرائی جاتی ہے۔
۱۱	کتاب حساب آمدنی و خرچ ماہوار	
۱۲	کتاب حساب آمدنی خرچ روزمرہ	
۱۳	کتاب فہرست کتبخانہ مدرسہ	
۱۴	کتاب داخل خارج کتبخانہ	طلبہ و مدرسین کو کتابیں دینے کے وقت دستخط لیجاتی ہے۔
۱۵	کتاب نومسلمان	اس کتاب میں ان لوگوں کے نام اور پتے لکھے جاتے ہیں جو بذریعہ [illegible] مسلمان ہوتے ہیں
۱۶	کتاب نقل استفتاء	جو استفتاء لکھکر مدرسہ سے دئے جاتے ہیں اس کتاب میں اونکی نقل کر لیجاتی ہے
۱۷	کتاب خوراک طلبہ	طلبہ کو خوراک دیکر اس کتاب پر دستخط کرائی جاتی ہے۔
۱۸	کتاب دستور العمل	اس کتاب پر بوقت داخلہ طلبہ کے دستخط لئے جاتے ہیں کہ وہ دستور العمل کی پابندی کریں گے
۱۹	کتاب سائلہ	

نصاب درس عربی مدرسہ سبحانیہ

سال اول	ششماہی اول	میزان منشعب پنج گنج۔ زبدہ	تحریر
	ششماہی دوم	صرف میر، نحو میر شرح مائۃ عامل، اکبری	
سال دوم	ششماہی اول	ہدایۃ النحو۔ فصول اکبری مرقات قال اقول یا شافیہ	عربی کے جملے
	ششماہی دوم	کافیہ تہذیب قلیوبی	
سال سوم	ششماہی اول	شرح جامی تا منصوبات منیۃ المصلی شرح تہذیب نفحۃ الیمن	ترجمۂ عبارات عربی
	ششماہی دوم	شرح وقایہ اولین قطبی مع میر تصورات سراجیہ	
سال چہارم	ششماہی اول	نور الانوار تا قیاس مختصر المعانی تا فصل ثانی قطبی مع میر تصدیقات مقامات حریری	رقعات عربی
	ششماہی دوم	شرح عقائد نسفی مختصر المعانی میبذی رشیدیہ	
سال پنجم	ششماہی اول	مشکوٰۃ شریف نصف تفسیر جلالین ملا حسن دیوان متنبی	تقریر عربی
	ششماہی دوم	مشکوٰۃ شریف تا آخر مطول میر زاہد ملا جلال قصیدہ بانت سعاد	
سال ششم	ششماہی اول	ترمذی شریف ہدایہ جلد ثالث میر زاہد رسالہ غلام یحییٰ سبعہ معلقہ	
	ششماہی دوم	ابوداؤد شریف ہدایہ جلد رابع حمد اللہ توضیح تلویح	
سال ہفتم	ششماہی اول	نسائی شریف تصریح قاضی مبارک اقلیدس خلاصۃ الحساب	
	ششماہی دوم	ابن ماجہ صدرا شمس بازغہ حماسہ	
سال ہشتم	ششماہی اول	بخاری شریف مسلم الثبوت شرح چغمینی	
	ششماہی دوم	مسلم شریف امور عامہ تفسیر بیضاوی	

نصاب درس فارسی مدرسہ سبحانیہ

	دینیات	کتب فارسی	قواعد	تحریر	حساب
سال اول	ضروریات اسلام تا نصف اول	نسخۂ تعلیم دستور الصبیان	صفوة المصادر	ناموں کا لکھنا مختصر جملے لکھنا	گنتی پہاڑہ ۲۰ تک ہندسوں کا لکھنا
سال دوم	ضروریات اسلام نصف ثانی	گلستان بوستان انشائے دلکشا	قواعد فارسی	اردو رقعات فارسی کے جملے	جمع و تفریق ضرب بسیط
سال سوم	نام حق	اخلاق محسنی انشائے بہار عجم و انوار سہیلی	چہار گلزار	اردو کو فارسی فارسی کو اردو	ضرب مرکب و تقسیم بسیط و مرکب

قوانین متعلقہ داخلہ طلبہ

(۱) داخلہ سے پہلے ہر طالب علم کا امتحان لیا جائیگا جس سے اوسکی قابلیت تحصیل علم کی جانچ کیجائیگی کامیاب ہونے پر قابل داخلہ متصور ہوگا۔

(۲) داخلہ سے پہلے ہر طالب العلم کے چال چلن وغیرہ کے متعلق بھی ہر مناسب وممکن ذریعہ سے تفتیش وتحقیق کیجائیگی اگر کسی طالب علم کے داخلہ کے بعد اوسکی چال چلن خراب معلوم ہوئی تو فوراً مدرسہ سے علیحدہ کردیا جائیگا یا اگر کوئی طالب علم بعد داخلہ کے بدشوق کم محنت ثابت ہوگا تو مدرسہ سے علیحدگی کے قابل متصور ہوگا۔

(۳) آٹھ برس سے کم عمر کے لڑکے مدرسہ مین نہ لئے جائینگے۔

(۴) شرح جامی وشرح تہذیب یا اس سے اوپر کے پڑھنے والے طلبہ بشرط گنجائش مدرسہ سے وظیفہ پانے کے مستحق سمجھے جائینگے۔

(۵) شرح جامی وشرح تہذیب سے نیچے کی عربی کتابین پڑھنے والے طلبہ کے کہانے کے لیے عموماً اور شرح جامی وشرح تہذیب یا اس سے اوپر کی کتابین پڑھنے والے طلبہ کے کہانے کے لئے بصورت عدم گنجائش حتی الوسع شہر مین بھی کوشش کیجائیگی۔

(۶) قرآن کریم کے حفظ کرنے والے طلبہ بھی بشرط گنجائش وظیفہ پانے کے مستحق سمجھے جائینگے۔ و بصورت عدم گنجائش حتی الوسع شہر مین بھی کوشش کیجائیگی۔

قوانین متعلقہ قیام دار الطلبہ قیامگاہ طلبہ مدرسہ سبحانیہ

(۱) دار الطلبہ کے ہر کمرہ مین گنجائش وضرورت کے موافق تعداد طلبہ کی رکھی جائیگی۔

(۲) طلبہ کے لئے کمرہ کی تجویز وتعیین ورد وبدل حسب ضرورت اور ہر ایک کمرہ کے لئے تعداد طلبہ کی تعیین مہتمم مدرسہ کی راے سے ہوگی۔ طلبہ کو بطور خود تجویز کرنیکا کوئی منصب نہوگا۔

(۳) جس کمرہ مین جو طالب علم ٹہیرا دیا جائیگا اوس کمرہ سے بدون اجازت مہتمم مدرسہ کسی دوسرے کمرہ مین قیام یا شب باشی کرنیکی اجازت نہین۔

(۴) جو طلبہ با جازت مہتمم دار الطلبہ سے باہر رہتے ہین انکو بلا اجازت مہتمم دار الطلبہ مین قیام یا شب باشی کرنیکی اجازت نہین۔

(۵) دار الطلبہ کا کوئی کمرہ کسی ایک خاص شخص طالب علم کو نہ دیا جائیگا۔

(۶) ہر حجرہ مین جو چیزین مدرسہ کی ہونگی اونکی حفاظت کا ہر طالب علم جو اوس کمرہ مین رہتا ہوگا ذمہ دار رہیگا۔

(۷) دار الطلبہ مین کسی طالب علم کو گانے شور وغل وغیرہ کرنیکی قطعاً اجازت نہین۔ صرف اون مجالس مین جو مہتمم کی راے سے منعقد کیجاینگی اشعار مثنوی وغیرہ پڑھ سکتے ہین۔ بصورت خلاف ورزی سخت باز پرس کیجائیگی۔

(۸) چھوٹی عمر کے طلبہ حتی الامکان ایک جگہہ رکھے جاینگے اور ایک معتبر شخص مدرسہ کی جانب سے متعین کیا جائیگا جو اونکی تعلیم کی نگرانی کریگا۔ اور ساونکی تربیت و تہذیب اخلاق مین کوشش کریگا۔

(۹) ہر طالب علم پر لازم ہوگا کہ شب کو سوتے وقت بتی گل کر دیا کرے نیز جب کمرہ سے باہر جاین اور کمرہ مین کوئی طالب علم موجود نہ ہو تو بتی گل کر دیا کرین۔ ورنہ اگر طلبہ کی غفلت سے آگ لگ گئی تو کمرہ کے کل طلبہ سے مواخذہ ہوگا۔ اور وہ اس امر کے بھی مستوجب ہونگے کہ مدرسہ سے علٰحدہ کر دیے جاین۔ یا اگر یہ امر کسی خاص شخص کے نسبت ثابت ہوگا یا جو طالب علم سب سے آخر کمرہ سے نکلا ہوگا تو اسی صورت مین صرف اوس طالب علم سے مواخذہ ہوگا اور وہ مدرسہ سے علٰحدگی کا مستوجب ہوگا۔

(۱۰) دار الطلبہ کے رہنے والے طلبہ بوقت ضرورت اپنی کسی خاص عزیز کو جب کہ دوسرے ساتھ رہنے والے طلبہ کو تکلیف نہو۔ با جازت مہتمم مدرسہ چند روزہ مہمان رکھ سکتے ہین ایسی صورت مین اوس شخص کے کل افعال کا ذمہ دار طالب علم مذکور ہوگا۔

(۱۱) دار الطلبہ و مسجد چوک کے رہنے والے طلبہ کو باجازت مہتمم مدرسہ ماہانہ تیل وغیرہ ہر ماہ کے متناسب حال دیا جائیگا۔

(۱۲) کسی ایسے طالب علم کو جسکو مدرسہ سے کھانا کپڑا و ہولائی وغیرہ ملتی ہوگی دار الطلبہ سے باہر رہنے کی اجازت نہین۔ بصورت خلاف ورزی کفالت بند کر دیجائیگی لیکن وہ طلبہ جنکی جزو کفالت

مدرسہ سے ہوتی ہے مستثنیٰ ہونگے۔ ونیز خاص ضروریات کے وقت مہتمم کسی معتمد و معتبر شخص کو اگر مناسب سمجھے تو مستثنیٰ کر سکتا ہے۔

(۱۳) جس طالب علم کی جاگیر شہر کی کسی مسجد میں نماز یا اذان کہنے کی ہوگی وہ باجازت مہتمم مدرسہ اوس مسجد مین رہ سکتا ہے لیکن کسی قسم کی شکایت کے ثبوت پر وہ اجازت منسوخ کردی جائیگی۔

(۱۴) دارالطلبہ کا پھاٹک بلا استثنا کسی کے دس بجے جاڑے مین اور گیارہ بجے گرمی مین بند ہوجایا کریگا۔

(۱۵) ہر طالب علم کو (۸) بجے شب دارالطلبہ مین موجود رہنا چاہئے۔

(۱۶) کسی طالب علم کو بعد (۸) بجے شب کے بلا اجازت مہتمم باہر رہنے کا اختیار نہین بجز اون طلبہ کی جنکی جاگیرین شہر مین ہین۔ اونکو (۱۰) بجے تک دارالطلبہ مین ضرور حاضر ہوجانا چاہیئے۔ بصورت خلاف ورزی مناسب تدارک ہوگا۔

(۱۷) اگر کوئی طالب علم بلا حصول اجازت مہتمم (۸) بجے کے بعد دارالطلبہ سے غائب رہیگا اور بعد پھاٹک بند ہونے کے آئیگا تو محافظ پھاٹک کھول دیگا لیکن اوسکو لازم ہوگا کہ مہتمم مدرسہ کو اطلاع دے مہتمم کی جانب سے مناسب تجویز کیجائیگی۔

(۱۸) مدرسین مدرسہ کو جو مقیم دارالطلبہ ہونگے بوقت شب آمدورفت کے لیۓ اجازت کی ضرورت نہوگی۔

قوانین متعلقہ تہذیب اخلاق ووضع ولباس طلبہ

(۱) ہر طالب علم پر لازم ہوگا کہ جمیع مدرسین مدرسہ کے حفظ مراتب کو ملحوظ رکھے۔

(۲) جملہ طلبہ پر لازم ہوگا کہ وہ اپنی وضع قطع ولباس شریعت کے موافق رکھین بصورت خلاف ورزی کافی تدارک کیا جائیگا۔

(۳) تمام طلبہ پر پنجوقتہ نماز کی پابندی ضروری ہوگی۔ وہ طالب علم جو تارک نماز ثابت ہوگا مدرسہ سے علحدہ کردیا جائیگا۔

(۴) جملہ طلبہ کو ظہر عصر مغرب کی نماز جامع مسجد چوک مین باجماعت پڑہنی چاہیۓ۔ اور فجر عشا کی

نماز بھی حتی الوسع جامع مسجد ہی مین باجماعت پڑھنی چاہیے اور بعذر معقول دار الطلبہ مین بھی پڑھ سکتے ہین

(۵) ہر طالب علم کو مدرسہ کے ٹھیک وقت پر پہونچنا اور برخاست مدرسہ کے وقت تک مدرسہ مین موجود رہنا ضروری ہوگا۔

(۶) بغیر اجازت اپنے مدرس کے کسی طالب علم کو اوقات مدرسہ مین مدرسہ سے باہر یا اپنے درجہ سے دوسرے درجہ مین جانیکی اجازت نہین۔

(۷) ہر طالب علم پر لازم ہوگا کہ اگر وہ کسی مجبوری کے سبب سے کسی وقت نہین حاضر ہوسکتا تو قبل وقت مدرسہ اپنے غیر حاضری کی اطلاع اپنے مدرس کو دے۔

(۸) کوئی طالب علم اگر کہین شہر سے باہر اپنے مکان وغیرہ جانا چاہیگا تو اوسکو لازم ہوگا کہ مہتمم سے رخصت لیکر کے جاوے۔

(۹) اوقات مدرسہ مین طلبہ کو سواے مذاکرہ علمی کے کوئی گفتگو یا مذاق وغیرہ کرنیکی ممانعت ہے

(۱۰) اوقات مدرسہ مین طلبہ کو تہذیب و متانت کے ساتھ رہنا ضروری ہے۔ لیٹنا یا ننگے سر بیٹھنا یا گانا یا اور کوئی خلاف تہذیب کام کرنا سخت ممنوع ہے۔

(۱۱) اوقات مدرسہ مین کسی طالب علم کو پان کھاکر مدرس کے سامنے آنیکی اور درسگاہ مین پان تمباکو وغیرہ کھانیکی قطعاً اجازت نہین۔

(۱۲) طلبہ کو امور انتظامیہ مین دخل دینے یا کسی قانون مدرسہ کے اجراء مین بدنظمی پھیلانے یا کسی قسم کی راے زنی کرنیکا کوئی اختیار نہوگا اسی طرح طلبہ کو غول بندی وغیرہ کرنے کی سخت ممانعت ہے

(۱۳) اگر کسی طالب علم کے متعلق بوقت ضرورت کسی کتاب کے پڑھانیکا کام مہتمم مدرسہ کی جانب سے سپرد کردیا جاوے تو اوسکو بحسن و خوبی انجام دینا ہوگا۔

(۱۴) طلبہ اپنے جانب سے پڑھنے کے لیے کسی مدرس کو مخصوص نہین کرسکتے۔ اسی طرح کوئی طالبعلم اپنے مدرس سے جس سے وہ پڑھتا ہوگا بلا اجازت مہتمم مدرسہ پڑھنا نہین ترک کرسکتا۔

(۱۵) ہر ایک طالب علم کو اندرون مدرسہ و دار الطلبہ یا بیرون مدرسہ و دار الطلبہ کسی مدرس یا طالب علم کی غیبت و برائی کرنے کی سخت ممانعت ہے بصورت خلاف ورزی مناسب تدارک کیا جائیگا

(۱۶) جن طلبہ کی جاگیرین شہر مین مقرر ہین اونکو اس امر کا لحاظ کرنا ضروری ہوگا کہ کھانا دینے

والونکو کسی قسم کی شکایت کا موقع نہو۔

(۱۷) مدرسہ کے تمام طلبا بیرونی و شہری پر لازم ہے کہ غیر مشروع و غیر مناسب جگہوں مین بغرض سیر و تفریح وغیرہ نہ جائین اور آزادمنش اصحاب کے صحبت سے مجتنب رہین۔

(۱۸) ہر طالب علم پر لازم ہوگا کہ راستہ مین چلنے کے وقت تہذیب و متانت کا لحاظ رکھے راستہ مین کوئی حرکت خلاف تہذیب نکرین۔ مثلاً گرنا بھڑنا مذاق کرنا۔

(۱۹) کوئی طالب علم کسی سے ہنسی مذاق نکرے۔ اور کسی سے بحث و تکرار پر نا مہذب الفاظ کا استعمال نکرے زبان کا جواب ہاتھ سے نہ دے۔ اگر کوئی ایسا کرے تو مہتمم سے شکایت کرے۔ مناسب تدارک کیا جائیگا۔

(۲۰) طلبہ کو غیر مہذب و نامشروع مجالس مین مثل تھیٹر و تماشہ وغیرہ کے شریک ہونا سخت ممنوع ہے۔

(۲۱) طلبہ کو بلا ضرورت بازارون مین گھومنے کی سخت ممانعت ہے۔

قوانین متعلقہ درس و امتحان

(۱) طلبہ کا ششماہی امتحان ربیع الاول مین ہوا کریگا۔

(۲) سالانہ امتحان شعبان مین ہوگا اور کامیاب طلبہ کو سند دیجائیگی و بشرط گنجائش اعلیٰ درجہ کے کامیاب طلبہ کو انعام بھی دیا جائیگا۔

(۳) شرح جامی اور اس سے اوپر کی کتابین پڑھنے والے طلبہ کو کم از کم چار کتابین پڑھنی ہونگی

(۴) شرح جامی اور اس سے نیچے کی کتابونکا سبق نصف صفحہ سے کم نہوگا اور شرح جامی سے اوپر کی کتابونکا سبق ایک صفحہ سے کم اور حدیث شریف کا سبق ایک ورق سے کم نہوگا۔

(۵) درجہ فارسی کے طلبہ کو لازم ہوگا کہ وہ اپنے نصاب کو اس انداز سے پڑھین کہ قابلیت کے ساتھ مدت معینہ مین ختم ہوجاوے۔

(۶) طلبہ درجہ عربی و فارسی کو علاوہ نصاب معینہ کے قرآن شریف کا صحت کے ساتھ پڑھنا بھی ضروری ہے۔

(۷) طلبہ درجہ حفظ کو مقدار مذکور نقشہ ذیل سے کم نہ یاد کرنا چاہیے۔

نمبر۱۔ سورہ فاتحہ سے سورہ اخلاص تک ایک آیتہ۔

نمبر۲۔ سورہ اخلاص سے سورہ فیل تک نصف سطر۔

نمبر۳۔ سورہ فیل سے اقرء تک ایک سطر۔

نمبر۴۔ اقرء سے غاشیہ تک دو سطر

نمبر۵۔ غاشیہ سے ختم پارہ تک چار سطر

نمبر۶۔ الم سے والمحصنات تک ربع رکوع۔

نمبر۷۔ والمحصنات سے سبحان الذی تک نصف رکوع۔

نمبر۸۔ سبحان الذی سے تبارک الذی تک ایک رکوع۔

(۹) پارہ عم کے یاد کرنے والے طلبہ کو روزانہ کل آموختہ اپنے استاد کو سنانا چاہیے۔ اور جب اس زمانہ ہو جو والمحصنات تک نصف پارہ پچھلا اور دو رکوع سبق کے قریب کا سنانا اور کل آموختہ خود پڑھنا لازم ہوگا۔ اور پانچویں پارہ سے پندرہویں تک ایک پارہ پچھلا اور ربع پارہ سبق کے قریب کا سنائیں اور دو پارہ خود پڑھیں اور پندرہویں پارہ سے ختم تک دو پارہ پچھلا و نصف پارہ سبق کے قریب کا سنائیں اور تین پارہ ہر روز خود پڑھیں۔

(۹) حفاظ و ناظرہ خوان طلبہ کو قرءۃ سیکھنا ضروری ہے۔

(۱۰) طلبہ حفاظ کو حفظ کلام مجید میں حتی الامکان تین برس سے زیادہ زمانہ صرف کرنا چاہیے

(۱۱) ناظرہ خوان طلبہ کو حتی الامکان ایک سال میں کلام مجید ختم کرنا لازم ہے۔

(۱۲) حفظ کرنیوالے طلبہ کو ماہ صیام میں ۲۲ تاریخ تک شب کو نفل میں بمقام جامع مسجد بعد تراویح قرآن شریف سنانا ضروری ہے جسکا اہتمام مہتمم مدرسہ کیجانب سے ہوگا۔

(۱۳) اوقات مدرسہ حسب نقشہ ذیل ہونگے جسکی پابندی جملہ مدرسین و طلبہ پر لازم ہوگی۔

نقشہ اوقات مدرسہ

موسم سرما				موسم گرما				موسم بارش			
وقت اول		وقت ثانی		وقت اول		وقت ثانی		وقت اول		وقت ثانی	
ابتداء وقت	انتہاء وقت	ابتداء وقت	انتہاء وقت	ابتداء	انتہاء	ابتداء	انتہاء	ابتداء	انتہاء	ابتداء	انتہاء
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

(۱۴) جملہ طلباء مدرسہ کو خواہ شہری ہون یا بیرونجات کے مدرسہ کی درسگاہون اور دارالطلبہ مین انگریزی پڑھنے پڑھانیکی اجازت نہین۔

قوانین متعلقہ مدرسین

(۱) مدرسین مدرسہ کو عین وقت مدرسہ پر مدرسہ مین حاضر ہو جانا ضروری ہوگا۔

(۲) ہر مدرس کو مدرسہ برخاست ہونے سے آدہ گھنٹہ پیشتر اپنے درجہ کے طلبہ کی حاضری خود لینا اور اپنے ہاتھ سے رجسٹر حاضری کی خانہ پری کرنا ضروری ہوگا۔ کسی خاص حالت مین مدرسین کسی دوسرے شخص سے بھی اپنے نگرانی و ذمہ داری مین اس کام کو کرا سکتے ہین۔

(۳) مدرسین پر ضروری ہوگا کہ رجسٹر حاضری وغیرہ کو احتیاط کے ساتھ صاف اور خوشخط تحریر کرین اور خراب نہونے دیوین اس امر کے ثابت ہونے پر کہ مدرس نے اپنے درجہ کے رجسٹرون کو عمداً خراب کر دیا یا اونکی لاپروائی سے خراب ہوئے قیمت رجسٹر خراب شدہ مدرس مذکور سے وصول کیجائیگی۔

(۴) مدرسین کو لازم ہوگا کہ جب رجسٹر حاضری وغیرہ ختم ہو جائین تو داخل دفتر مدرسہ کراکے جدید رجسٹرونکی درخواست کرین اسی طرح اگر اور کسی چیز کی ضرورت ہو تو مہتمم مدرسہ سے درخواست کرین

(۵) اوقات مدرسہ مین طلبہ اگر آپس مین لڑائی کرین یا اوقات مدرسہ سے دیر مین آئین یا کسی روز بلا اجازت اپنے مدرس کے غیر حاضر ہون تو ایسی حالتون مین مدرسین کو اپنے اپنے درجہ کے طلبہ کو مناسب تنبیہ کرنیکا حق حاصل ہے اور اگر وہ مناسب سمجھین تو مہتمم مدرسہ کے سامنے پیش کرین۔

(۶) آندہی پانی کے آثار قوی نظر آنے پر وقت برخاست مدرسہ سے آدہ گھنٹہ پیشتر مدرسین باتفاق رائے مدرس اول مدرسہ کو برخاست کر سکتے ہین۔

(۷) مدرسین مدرسہ کو اوقات مدرسہ مین بلاحصول اجازت مہتمم کہین جانیکا اختیار نہین۔

(۸) اگر کوئی مدرس بوجہ ناسازی یا کسی دوسری معقول ضرورت سکے مدرسہ نہ جاسکین تو قبل وقت مدرسہ مہتمم کو اطلاع دیکر اجازت حاصل کرنی ضروری ہوگی۔

(۹) اوقات مدرسہ مین طلبہ سے کسی قسم کی ذاتی کام لینے کا مدرسین کو استحقاق نہین خارج وقت مدرسہ مین طلبہ سے ایسے کام لینے کا جس سے شکایت ہو استحقاق نہین۔

(۱۰) مدرسین کو طلبہ مدرسہ سے کوئی رقم حاصل کرنیکا اختیار نہین۔

(۱۱) طلبہ کے سبق کے اوقات کی تعین مدرسین کو مناسب ہے کسی ضرورت کے وقت مہتمم مدرسہ کے سامنے بھی پیش کیا جاسکتا ہے پھر جو مہتمم کی تجویز ہو اوسکی پابندی کیجائیگی۔

(۱۲) اوس صورت مین کہ مدرسین کو کسی جدید سبق پڑہانیکی فرصت نہو کسی منتہی طالب علم کو باستطلاع رائے مہتمم مدرسہ اوس سبق کے پڑہانے کے لیئے تجویز کر سکتے ہین جسکی انجام دہی طالبعلم مذکور کو لازم ہوگی۔

(۱۳) مدرسین مدرسہ پر فرض ہوگا کہ اپنے درجہ کے طلبہ کی نگرانی کرتے رہین اور تہذیب اخلاق وحفظ مراتب کے متعلق اصلاح کرتے رہین اور انکی تفہیم مین پوری کوشش کرین و نیز اس امر کی نگرانی بھی ضروری ہے کہ طلبہ قواعد دستورالعمل کی کسطرح پابندی کرتے ہین بصورت خلاف ورزی طلبہ سے قوانین مجریہ دستورالعمل وغیرہ کی پابندی کرانا اونکا فرض منصبی سمجھا جائیگا۔

(۱۴) ایسی حالت مین کہ کوئی طالب علم مدرسین کے ہدایات واحکام کے تعمیل مین کوتاہی کرے اوسے مہتمم مدرسہ کے سامنے پیش کرنا ضروری ہوگا۔ تاکہ مناسب تدارک ہو۔

قوانین متعلقہ مہتمم مدرسہ

(۱) طلبہ کا ادخال واخراج چھوٹی تنخواہ کے ملازمین کی موقوفی بحالی چھوٹے چھوٹے کام جزوی اخراجات مہتمم مدرسہ انجام دیگا بڑے بڑے اہم کام بوقت ضرورت مہتمم مدرسہ بمشورہ منتظمین مدرسہ انجام دیگا۔

(۲) اس امر کی نگرانی کہ جملہ مدرسین وملازمین قوانین کی پابندی کرتے ہین یا نہین مہتمم سے متعلق رہیگی۔

(۳) کسی خاص ضرورت کیوقت قوانین منضبطہ کے خلاف بھی مہتمم حکم دے سکتا ہے۔

(۴) علاوہ قوانین منضبطہ کے جو نئی باتین پیش آتی رہینگی اونہین مہتمم مدرسہ اپنے راے سے

انجام دیگا اوسکی پابندی بھی سب پر لازم ہوگی۔
(۵) قوانین منضبط مین ترمیم و تنسیخ بھی بوقت ضرورت کیجاسکتی ہے۔

قوانین متعلقہ منشی دفتر

(۱) منشی دفتر کو صبح ۸ بجے سے ۱۱ بجے تک و ۲ بجے سے ۴ بجے تک سوائے ایام تعطیل کے دفتر مین حاضر رہنا ضروری ہوگا۔
(۲) وصول کنندہ کے کاغذات کی جانچ پرتال وقتاً فوقتاً کرنا اور روزمرہ کی وصولی تحریر کرنا منشی مدرسہ کے ذمہ ہوگی۔
(۳) منشی دفتر کو مہر رسید بہیون کے درست کر کے وصول کنندہ کو دینا اور اوس سے ختم شدہ رسید بہیونکو جانچ کر واپس لینا ضروری ہے۔
